ځائې معلوم دے او که نه دے، په دیکښې څه شک نشته، بحیثیت د مومن مسلمان زمونږ دا عقیده ده چې دا ټول د مخکښې نه چې دی، دا مقرر دی خو څنګه ورور خبره اوکړه، اخر ولې حکومت په دیکښې فیل دے چې یو طیاره نن پی آئی اے هغه که چترال ته ځی، پکار خو دا ده چې هغه داسې سټینډرډ زمونږ ایئر لائن وے چې خلق په هغې باندې اعتماد کوی، نو زما دا ګزارش دے میډم سپیکر! چې د دې لکه څنګه چې نور زمونږ کمیټیز دی، که تاسو کوئټه اوګورئ زمونږ په ډی آئی خان د جیل واقعه اوګورئ، کوم کوم ځائې کښې چې هم حکومت تحقیقاتی کمیټئ اعلان کړے دے، حکومت پینځه کاله خپل Tenure پوره کړی خو د هغې څه حل رااونځی او قوم ته کم از کم د دې خبرې پته او نه لګی چې په دیکښې څوک ذمه دار دی او په کوم ځائې کښې کوتاهی ده؟ نو کم از کم هغه خلقو ته رسیدل غواړی او حکومت فوری طور یو ډیډ لائن ورکړی یا پینځه ورځې هفته یا لس ورځې چې په دیکښې به مونږ هغه خلقو ته ځان رسوؤ، څوک په دیکښې شامل دی خو میډم! دلته ډیر د افسوس خبره ده، مختصر یو مثال درکړم، یو بادشاه له یو سوالګرے تلے وو چې د خدائے په نامه ماله څه راکړه، بادشاه سلامت هغه له د خزانې چابی ورکړی، وائی دا واخله د خزانې چابی او دې خزانې د په زړه ارمان وی نو هغه ته راغونډ کړه او ځان سره ئے یوسه، هغه سوالګرے چې کله خزانې ته د ننه ننوتو نو هغه ټول هیرې او جواهرات هلته پراته وو خو هلته د بادشاه سلامت پالنګ هم پروت وو او بادشاه سلامت ورته وئیلې وو چې لاړ شه چې څه د خوښ وی راوړه خو پینځه منټه ستا سره ټائم دے، پینځه منټه کښې چې د څه راغونډ کړل، هغه ستا دی، بیا به رااوځې۔ هغه اووئیل ټهیک ده بادشاه صاحب، هغه چې کله هغه خزانې ته ننوځی هیرې او جواهرات وی نو د بادشاه صاحب پالنګ هم وی نو دې سوالګری داسوچ ئے اوکړو چې راځه دا یو اعزاز هم ته حاصل کړه، د بادشاه په دې پالنګ کښې هم یو دوه درې منټه ډډه اولګوه، خلقو ته به وئیلې شم چې د بادشاه په پالنګ کښې هم ما آرام کړے دے، هغه سړے زما غوندې نااشنا وو، چرته پالنګ به ئے نه وو لیدلے، چې هغه پالنګ ته ختلے دے نو هغه له خوب ورغلے دے، پینځه منټه بعد سړے راغلے دے پاڅولے ئے دے چې روره ستا خو پینځه منټه پوره شوی دی،

پاڅه، هغه وئیل چې ما خو څه نه دی راغونډ کړی، هغه وئیل چې دا خو ستا خپل قسمت دے، تا له بادشاه پینځه منټه درکړی وو، تا په خوب کښې تیر کړل، د هغې ذمه وار خو زه نه یم۔ زه ډیر په افسوس سره وایم میډم سپیکر! د پاکستان عوام که هغه صوبائی اسمبلئ ته مونږ منتخب کوی یا قومی اسمبلئ ته، عوام مونږ رااولیږی پینځو کالو د پاره، حکمران اوس اوده دی، دا پینځه کاله حکمران چې دے نو هغه په خوب کښې تیروی او پینځه کاله بعد بیا دغه عوام ته ځی، عوام خوار و زار دی، لهذا دا بحیثیت زما د صوبائی اسمبلئ او د مرکزی، قومی اسمبلئ دا ذمه داری جوړیږی چې خلقو ته ریلیف ورکړی، په دې واقعه کښې چې څوک Involve دے چې هغه ته سزا ورکړی، زه ستاسو په دې ډیر زیات شکریه ادا کوم چې میډم! تاسو ما له ټائم راکړو۔ جزاکم اللّٰه۔

Madam Deputy Speaker: Thank you Muhammad Ali, becuase I have got speakers Shah Farman Sahib, Bakht Baidar Sahib, Lutf-ur-Rehman Sahib and even Aamna Sardar; yes, I have got your name. Rashad Khan! You have already spoken; yes, Shah Farman Sahib.

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ میڈم سپیکر! یہ افسوس ناک واقعہ ہوا ہے اور جب بھی اس قسم کا واقعہ ہو جاتا ہے تو شہداء کی خدمت کیلئے بروقت پہنچ جانا، لواحقین کے ساتھ ہمدردی اور حکومت کا رسپانس بروقت ہونا چاہیے اور اس کے اوپر بحث بھی ہو جاتی ہے لیکن میڈم سپیکر! ہم واقعہ کے بعد سے تو بڑی تفصیل سے بات بھی کرتے ہیں اور اس واقعے کے بعد سے جو جو بھی غلطی نظر آئی، ہم اس کے اوپر بحث بھی کر جاتے ہیں لیکن پی آئی اے کا جہاز گرنا یہ کوئی Unexpected بات نہیں ہے، یہ کوئی غیر متوقع بات نہیں ہے، دنیا کے اندر جو ٹاپ کے ائر لائنز ہیں میڈم سپیکر! ایمرٹس ائر لائن کو پی آئی اے کے ایک ریٹائرڈ افسر نے Install کیا تھا، پی آئی اے سے ریٹائرڈ ہو کے پی آئی اے کے ایک آفیسر نے ایمرٹس ائر لائن کو Install کیا، برٹش ائر ویز، ایمرٹس ائر لائن، قطر ائر ویز، آپ یہ اندازہ لگالیں کہ ان کمپنیوں کے پاس یا ان ایئر لائنز کے پاس کتنے جہاز ہیں اور ہر جہاز کے اوپر کتنا عملہ ہے، یعنی ایک ایئر لائن کی Total strength جہازوں کی اور اس کے اوپر جو لوگ بھرتی کئے گئے ہیں میڈم سپیکر! ایک اندازے کے مطابق پی آئی اے ہر سال پانچ ارب کے خسارے میں جاتا ہے اور مجھے پتہ چلا، رات کو پی آئی اے کے

آفیسر نے اپنے ایم ڈی کو Quote کرتے ہوئے کہا کہ پی آئی اے کو تین ہزار ایمپلائیز چاہیے اور اس وقت پی آئی اے کے اندر سترہ ہزار ایمپلائیز ہیں، میں اس ریزولیوشن میں بابک صاحب سے بھی ریکویسٹ کرتا ہوں اور یہ اسمبلی پر زور ڈیمانڈ کرے گی کہ ہمیں وہ Statistics بتائی جائے کہ کس حکومت نے پی آئی اے کے اندر کتنے لوگ بھرتی کئے، کس کس کو بھرتی کیا اور کس طریقے سے وہ لوگ بھرتی ہوئے؟ میڈم سپیکر! اگر پانچ ارب خسارہ ہے سالانہ اور آپ کے پاس چودہ ہزار سے زیادہ ایمپلائیز ایکسٹرا ہیں اور اگر ایک ایمپلائی کا خرچہ پچاس ہزار ہے تو یہ آٹھ ارب چالیس کروڑ روپے اس ادارے سے ایکسٹرا جاتے ہیں، جس پر سیاسی بنیادوں کے اوپر لوگ بھرتی ہوئے ہیں، ایسے ادارے کا جہاز نہیں گرے گا تو خلاء میں جائے گا، یہ بالکل Unexpected بات نہیں تھی۔ ایک جہاز سے پرزہ نکال کے دوسرے جہاز میں ڈالنا، اس جہاز کو ریسٹ دے دو، اس سے پرزہ نکالو، اس میں ڈال دو، جب کرپشن اقرباء پروری کا یہ حال ہو تو اس ادارے کا کیا حال ہوگا؟ ہم یہ روتے ہیں، بار بار ذکر کرتے ہیں، Simple statistics ہے اس اسمبلی کو، اس ہاؤس کے سامنے تین چار پانچ ٹاپ کے ائر لائنز کی Proportionally کتنے جہاز ہیں کمرشل، کتنا عملہ ہے، کتنی تنخواہیں جاتی ہیں، پی آئی اے کے پاس کتنے جہاز ہیں، کتنا عملہ ہے، کتنی تنخواہیں جاتی ہیں، کس کس نے بھرتی کئے ہیں، کس طریقے سے بھرتی کئے گئے ہیں، کس پارٹی کے ورکرز اس کے اندر کروڑوں روپے کی تنخواہیں مفت میں لے رہے ہیں؟ میڈم سپیکر، جہاز گر جاتا ہے اور ہم روتے رہتے ہیں اور اس بات کا، آج اگر مجھے، میرا بھائی، میرا دوست، میرا کزن اگر پی آئی اے کے اندر اس کو نوکری ملتی ہے تو مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے، کل پی آئی اے کے دس جہاز گر جائیں، مجھے اس کی پرواہ نہیں ہے، میری پارٹی کی حکومت ہو، میں ہزاروں کے ہزاروں لوگ اندر ڈال دیتا ہوں تاکہ میرے ورکرز کو نوکری ملے، ادارے اس طرح نہیں چلتے میڈم سپیکر! ڈیمانڈ کرتا ہوں، اگر ہاؤس اجازت دے تو اس ہاؤس کی طرف سے کہ ہمیں وہ Break up بتائی جائے اور بابک صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں، بابک صاحب سے کہ وہ اس ریزولیوشن میں ڈال دیں کہ ہمیں پچھلے چالیس سال سے کم از کم بتایا جائے کہ کس کس دور میں کتنے لوگ بھرتی ہوئے ہیں، کس پراسیس کے اندر، طریقے سے بھرتی ہوئے اور کس مد میں بھرتی ہوئے؟ یہ تو بڑا کلیئر ہے، اگر ایم ڈی پی آئی اے یہ کہتا ہے کہ چودہ ہزار سے زیادہ لوگ ایکسٹرا ہیں تو پھر اس ادارے کے اوپر اس اسمبلی میں بحث کرنے کی کیا ضرورت

ہے؟ کیااس کی وجہ آپ کو معلوم نہیں ہے، کیااس کی وجہ ہمیں معلوم نہیں ہے کہ ہم ایک ایساادارہ جس کا ایک ریٹائرڈ افسر اٹھ کے ایمر ٹس چلا جاتا ہے، وہ مانگتے ہیں، وہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ پی آئی اے کا آفیسر ہمیں چاہیے اور وہ ایمر ٹس ائر لائن Install کرتا ہے، وہ ایک پاکستانی ریٹائرڈ آفیسر ہے تو پھر پاکستان کا یہ ادارہ کیوں اس طرح تباہ و برباد ہے، اس کا ذمہ دار کون ہے؟ میں ایک ادارے کے اندر، کوئی بھی ادارہ ہو، اس کے اندر تحریک انصاف کے ورکروں کو دھڑادھڑ بھرتی کرلوں، چاہے وہ ایجوکیشن ہو، چاہے وہ ہیلتھ ہو، کچھ بھی ہو، کیاحال ہو گا؟ تباہی ہو گی، اگر انکوائری کرنی ہے تو اس سے شروع کریں کہ چودہ ہزار ایکسٹرا ورکرز، لوگوں کو کس نے بھرتی کیا ہے اور اگر پانچ ارب خسارہ ہے اور اٹھ ارب چالیس کروڑ روپے کے قریب ایکسٹرا تنخواہیں جاتی ہیں تو اس کا ذمہ دار کون ہے؟ میڈم سپیکر، اس طرح حکومتیں، اس طرح کی اسمبلیاں، اس طرح کے ہاؤسز جو کہ پوری قوم کی نمائندگی کرتے ہیں، ان کے سامنے وہ اسمبلی میں افسوس کرنا، رونادھونا یہ اچھا نہیں لگتا، یہ ہماری ذمہ داری ہے، یہاں ہر آنریبل ممبر کی یہ ذمہ داری ہے کیونکہ یہ خیبر پختونخوا کا نمائندہ ہاؤس ہے کہ وہ اٹھ کھڑے ہوں اور بتائیں کہ کس نے کیا کیا ہے، کس نے کہاں غلطی کی ہے؟ اگر یہ ہم اس کی تفصیل میں نہیں جائیں گے تو میڈم سپیکر! انکوائری ہوئی، پائلٹ بیچارہ شہید ہو جاتا ہے، پائلٹ کے اوپر چیزیں ڈال دیتے ہیں، Human error declare ہو جاتا ہے، ہم نے تو آج تک کسی بھی ادارے کو Probe نہیں کیا کہ اس کے اندر ہو کیا رہا؟ آج جو بحث ہم کر رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ میں اپوزیشن کے بھائیوں سے، سارے ہاؤس سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ کم از کم آج کے دن تو ہم وہ پراسیس سٹارٹ کریں، ڈیمانڈ کریں، وہ بات کریں کہ پی آئی اے کو کس نے تباہ کیا ہے، کس طرح یہ ادارہ تباہ ہو گیا ہے جب کہ اس کا ایک ریٹائرڈ آفیسر ایمر ٹس ائر لائن جیسا ایر لائن Install کر سکتا ہے۔ میڈم سپیکر! میں بالکل اس کے اوپر Convinced ہوں کہ یہ ہمارے ہاتھوں تباہ ہوا ادارہ ہے، جس نے بھی کیا ہے، میں ان سارے لوگوں کو قاتل ٹھہراتا ہوں جس نے پی آئی اے کے اندر کرپشن کی ہے اور ادارے کا یہ حال کر کے ان کی وجہ سے یہ جہاز گرایا میڈم سپیکر! شکریہ میڈم سپیکر۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Aamna Sardar and then Bakht Baidar and finally wind up by Opposition Leader. Aamna Sardar.

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ میڈم! انتہائی افسوسناک واقعہ تو میں نہیں کہوں گی بلکہ سانحہ کہوں گی، جو رونما ہوا اور چونکہ میرا تعلق بھی ضلع ایبٹ آباد سے ہے اور وہیں پر یہ خوفناک واقعہ سانحہ پیش آیا اور سب سے پہلے تو میں اس حادثے میں شہید ہونے والے جو لوگ ہیں، ان کی مغفرت کی اور ان کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کروں گی۔ اس کے بعد میں جیسا کہ نلوٹھا صاحب نے فرمایا، ہمارے علاقے کے لوگوں نے جس طریقے سے کیونکہ کافی دشوار ایریا تھا جس میں یہ جہاز گرا، پہاڑی علاقہ تھا اور مطلب میں جانا چاہ رہی تھی، مجھے اسلئے نہیں جانے دیا گیا کہ کافی مشکل ہے، آپ نہیں جاسکیں گے تو ان جگہوں پر جیسے بتایا جارہا ہے، ہمیں بار بار پل پل کی رپورٹ یہی ملتی رہی کہ خواتین بچے بزرگ، مرد عورتیں کوئی تخصیص نہیں تھی، سارے لوگ کس طریقے سے نکلے اور انہوں نے کیا کیا؟ ہم کب تک افرادی قوت پر بھروسہ کرتے رہیں گے، ہمارے پاس Equipments نہیں ہوتے، ہمارے پاس سہولیات نہیں ہوتیں، ایمرجنسی دیکھیں کوئی بھی ناگہانی واقعہ یا سانحہ جب رونما ہوتا ہے تو اس کیلئے ہمیں ہر وقت تیار رہنا چاہیے کیونکہ وہ کبھی بھی ہو سکتا ہے، وہ بتا کے نہیں آتا، تو اس کیلئے ہمارے پاس، ہمارے اداروں کے پاس اتنی Facilitations وہ سہولیات موجود نہیں ہیں، یہ بھی ہمارے لئے ایک تکلیف دہ بات ہے کہ ہم صرف افرادی قوت پر بھروسہ کرتے ہیں جی، لوگ ہمارے ماشاءاللہ ایسے موقع پر متحد ہو جاتے ہیں، آگے بڑھ آتے ہیں، کوئی تفاوت کوئی چیز نہیں رکھتے لیکن اداروں کے پاس جو Concerned ادارے ہیں جو متعلقہ ادارے ہیں، ان کے پاس بھی تمام Equipments کا ہونا کاغذوں میں وہ موجود ہوتے ہیں کہ ان کے پاس ساری مشینری پڑی ہوئی ہے، ساری چیزیں پڑی ہوئی ہیں لیکن جب ضرورت کی بات آتی ہے تو اس وقت ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا، تو یہ بھی ایک ہمارے لیے المیہ ہے اور میں انتہائی شکر گزار ہوں گی ان لوگوں کی بھی اور اپنے تمام اس علاقے کے لوگوں کو میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں کہ جب بھی کوئی خدانہ کرے ایسا واقعہ پیش آتا ہے تو لوگ متحد ہو جاتے ہیں، تو یہی واقعہ ہمارے ہاں بھی ہوا تو ان لوگوں نے اتحاد کا ثبوت دیا اور میری اس گزارش پر ضرور غور کیا جائے، جو متعلقہ ادارے ہیں جو ریسکیو کے ہیں یا جو بھی اور ادارے ہیں جن کے پاس مشینری اور Equipments کا ہونا ضروری ہے، ان کو بھی اپنے اداروں کو Up to date کرنے کی ضرورت ہے۔ بہت شکریہ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Bakht Baidar Sahib and last one will be the Opposition Leader then Rashad Khan! I will give.

جناب محمد رشاد خان: ډیره مهربانی میډم!

Madam Deputy Speaker: No, not talk, Bakht Baidar, Bakht Baidar Khan, after Bakht Baidar. We are getting late for the prayer نماز کیلئے Anyway, Okay ji.

جناب بخت بیدار: ستاسو ډیره زیاته شکریه، چې کومه سانحه زمونږ معزز ممبرصاحب، بابک صاحب کوم قرارداد پیش کړے دے او یا کومه خبره ئے پیش کړې ده اوکومه سانحه راغلې ده په اووم تاریخ باندې، په هغې باندې په تفصیل باندې هر یو زمونږ معزز ملگری خبره اوکړه، زه هم د خپلې پارټئ د طرفه دا خبره کومه چې دا سانحه چې کوم ده دا قومی سانحه ده او دا خبره مخې ته راغله چې فخر اعظم ورور کومه خبره اوکړه چې اخبار کښې چې کوم رپورټ راغلے دے ابتدائی طور او کوم کمیشن دې له جوړ شوے دے نو د هغې نه دا معلومیږی چې دا ټیکنیکل فالټ وو، مخکښې نه هغوی ته پته وه چې دې جهاز کښې چې کوم دے فنی خرابی ده خو بیا هم په هغې باندې مطلب دا دے چا غور نه دے کړے او جهاز اوچت شوے دے، زه او زما په خیال دا ټوله اسمبلی دې قرار داد کښې دا یو خبره ورسره ورسره شاملول پکار دی چې دې ملک کښې چې کله کمیشن مقرر شوے دے، چې کله کمیټی مقرر شوې ده، کله بل یو داسې، لکه مثال کښې زه به دا اووایم چې حمود الرحمان کمیشن نه واخله تر اوسه پورې څومره کمیشنې مقررې شوی دی، چرته هغه په منظر عام نه دی راغلی خو دا سانحه چې کومه ده، دا خو داسې ښکاری چې د دې ښکاره ښکاره پته لگی چې د دې ذمه وار څوک وو؟ زما به دا درخواست وی په دې قرار داد کښې چې دیکښې دا خبره اوشی چې کوم کسان دیکښې گنهگار دی او چا غلطیانې کړی دی، هغه د منظر عام ته راشی او هغوی ته د سخت ترین سزا گانې ورکړې شی او نور دیکښې مونږ له سیاسی سکورنگ نه دے پکار او زه د نلوټها د حلقې چې کوم زمونږ عوامو تعاون کړے دے، په دغه وخت باندې رسیدلی دی نو زه د خپل طرفه، د خپلې پارټئ د طرفه انتهائی شکریه ادا کوم خو د دې نه سیاسی سکورنگ نه دے پکار، صرف دا درخواست دے چې کوم کسان په دیکښې

گنهگار دی چې هغه منظر عام ته راشي او زر تر زره قوم ته دا خبره اوښودلې شي چې هغه څوک دی؟

Madam Deputy Speaker: Thank you, thank you, Bakht Baidar Khan, thank you. Rashad Khan, please.

جناب محمد رشاد خان: شکریہ، میڈم سپیکر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ټائم به کم اخلې Because we are getting late for Namaz لطف الرحمان صاحب! ته به هم۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: میڈم سپیکر! میڈم سپیکر! آج کا اجلاس ایک بہت بڑے واقعے، ایک قومی سانحے کی وجہ سے تعزیتی ریفرنس میں تبدیل ہونے جارہا ہے۔ جس طرح نلوٹھا صاحب نے بتایا کہ پی آئی اے کا جو طیارہ چترال سے اسلام آباد کی طرف ایبٹ آباد میں حویلیاں کے مقام پر جو واقعہ وہاں پر پیش آیا اور جو وہاں پر امدادی کارروائیاں جو نلوٹھا صاحب بنفس نفیس وہاں پر تھے، اس کی جو صورتحال پیش کی تو میڈم سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو امدادی ادارے ہیں، ان کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان ہے۔ آئے روز مختلف حادثات، دھماکے، ایکسیڈنٹس، زلزلے، سیلاب اور یہ فضائی حادثہ، روز ہمیں یہ دیکھنے میں ملتا ہے کہ جب بھی کبھی بھی امدادی کارروائیوں کی ضرورت ہوئی تو وہ اپنی جگہ پر ناکام ثابت ہوئے، چاہے وہ اگر آفتوں میں پی ڈی ایم اے ہو، این ڈی ایم اے ہو، کیونکہ میرا تعلق بھی ایسے علاقے سے ہے جہاں پر آئے روز قدرتی آفات اور حادثات کا سامنا ہمیں کرنا پڑتا ہے تو ان کی کارکردگی ہم دیکھتے رہے ہیں کہ پی ڈی ایم اے، این ڈی ایم اے اگر قدرتی آفات ہیں، ان میں وہ ناکام ہیں، 1122، میں نے خصوصی طور پر نلوٹھا صاحب سے رابطہ رکھا اور اس کے بارے میں میں نے پوچھا بھی، 1122 جس کو مطلب ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ہر قسم کے حادثوں میں ہمارے لئے اچھی کارکردگی کا پیش خیمہ وہ ثابت ہوں گے، اس حادثے میں میڈم سپیکر! جس طریقے سے بتایا گیا کہ وہاں پر آگ کو مٹی سے لوگوں نے بجھایا اور روڈز کا نظام جہاں پر یہ بات آتی ہے کہ وسائل کی تقسیم پسماندگی کی بنیاد پر ہونی چاہیے ان پہاڑی علاقوں میں، حالانکہ وہاں پہ بہت بڑی آبادی جو ہے، اس جگہ سے اوپر آباد ہے تو وہاں پر روڈز کا نظام نہیں ہے، تو یہ بہت سی چیزیں ہیں، میرا یہاں بات کرنے کا جو اہم مقصد ہے میڈم سپیکر! وہ یہ ہے کہ وہ پائلٹ کی جو ویڈیوز آئی ہیں، ایک تو وہ ویڈیو ہے جو ہسپتالوں کی پیش کی گئی ہے، بہت افسوسناک، چھیالیس سینتالیس بکھری ہوئی لاشوں کو ہم سنبھال نہیں سکتے میڈم سپیکر! وہاں پہ

اس کی ویڈیوز بن رہی ہیں، وہ سوشل میڈیا پر شیئر ہو رہی ہیں، جو ان کے ورثاء ہوں گے، وہ کس طریقے سے دیکھیں گے ان لاشوں کو، یہ کسی کی انگلیاں، کسی کی ٹانگیں، تو میرے خیال سے یہ ہمارے ہسپتال کیلئے بھی ان کی غیر ذمہ داری میں یہ آتا ہے۔ میڈم سپیکر، ایک اور ویڈیو جو سوشل میڈیا پر آ رہی ہے، وہ ہے اس طیارے کا سیدھا حویلیاں کے اوپر جانا اور پھر ایکدم سے 90 ڈگری سے وہ نیچے آبادی کی طرف آتا ہے اور اس پائلٹ کی مہارت نے ایک بہت بڑے ایک اور بہت بڑے واقعے سے اس قوم کو محفوظ رکھا اور آپ نے اس ویڈیو میں دیکھا ہو گا میڈم سپیکر! جیسے ہی وہ زمین کی طرف آتا ہے، بڑی مشکل سے اس کو دوبارہ وہ سنبھالتا ہے اور آگے کی طرف لے جاتا ہے، کسی غیر آباد جگہ پر، تو میڈم سپیکر! میری، میری نہیں بلکہ اس اسمبلی کی یہ سفارش ہونی چاہیے کہ اس پائلٹ کو قومی ایوارڈ دیا جائے، ضرورت اس امر کی ہے کہ فوراً اس کیلئے تمغہ شجاعت یا تمغہ جرات، میں بابک صاحب سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اپنی اس میں جو ہم نے آج پیش کرنی ہے قرارداد، اس میں ایک چھوٹی سی ترمیم ہونی چاہیئے کہ اس پائلٹ کو قومی ایوارڈ دیا جائے، ابھی تک کسی بھی انسانی غلطی کی نشاندہی تاحال نہیں ہوئی، جو تھی کہ وہ جہاز کی چیکنگ نہیں ہوئی، سہ ماہی، پائلٹ ناتجربہ کار تھے وغیرہ وغیرہ، فلائٹ سرٹیفیکیٹ کا نہ ہونا میڈم سپیکر! یہ محض افواہیں ہیں، وزیر اعظم صاحب نے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے کہ وہ اس واقعے کے حقائق کو جان سکیں اور میری یہ گزارش ہو گی کہ اگر کوئی اس میں گنہگار ثابت ہوتا ہے تو اسے یقیناً کیفر کردار تک پہنچانا چاہیے میڈم سپیکر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، رشاد خان! تھینک یو۔ Last Speaker ہمارے ہیں، لیڈر آف دی اپوزیشن، لطف الرحمان صاحب! آپ وائنڈاپ کریں۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت بہت شکریہ، سپیکر صاحبہ! انتہائی اندوہناک واقعے کے حوالے سے اس وقت اسمبلی میں اس پر بحث جاری ہے، اللہ تعالیٰ ان تمام ورثاء کو صبر و جمیل عطا فرمائے اور انتہائی قیمتی جانیں اس حادثے میں ضائع ہوئی ہیں اور جیسے مفتی فضل غفور صاحب نے فرمایا کہ بنیادی طور پر جب کوئی اس قسم کا حادثہ ہوتا ہے یا قدرتی آفات میں لوگوں کی جانوں کا ضیاع ہوتا ہے تو ان کو شہادت کا درجہ ملتا ہے اور ہمیں امید ہے، کیونکہ شہادت کا جو درجہ ہے، جو ہمارے سامنے حالات ہوتے ہیں، ان کو دیکھ کر ہم سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو شہادت کا درجہ دیا ہو گا

کیونکہ یہ اختیار صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے کہ وہ شہادت کا درجہ کن کو دیتا ہے لیکن جو بظاہر حالات ہمارے سامنے ہیں، ہمیں پورا یقین ہے کہ وہ تمام لوگ جو اس حادثے میں وفات پا گئے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو شہادت کا درجہ دیا ہوگا اور ہمیں ظاہر بات ہے کہ آج اس حادثے کی تعزیت کے حوالے سے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب، اس کے بعد آپ نے Present کرنا ہے۔

قائد حزب اختلاف: ہمیں بات کرنی چاہیے اور پورا ملک اس حادثے پہ پریشان ہے کہ یہ واقعہ کیوں رونما ہوا ہے اور ہر ایک جاننے کی کوشش کر رہا ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ یہاں اسمبلی سے بھی یہ میسج اور پیغام جائے کہ اس واقعہ کی جو تحقیقاتی رپورٹ ہو، وہ لازماً آئے، پیش ہو تاکہ لوگوں کو بھی یقین ہو کہ واقعتاً اس حوالے سے اگر کوئی تحقیقاتی کمیشن بنایا اور اس کی کوئی رپورٹ آنی ہے تو جلد از جلد اس کی تحقیقات ہوں، لوگوں کے سامنے آئے کہ اس طرح کے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں اور اس حوالے سے بھی تمام ہمارے محترم ممبران نے بات کی ہے کہ ہمارے اس ملک میں مختلف ٹائمنگز پر یہ حادثات ہوئے، چھوٹے چھوٹے حادثات بھی رونما ہوئے اور وہ آئے روز ہمارے اس پر آتے رہتے ہیں الیکٹرانک میڈیا پر اور سارے لوگ ہم اس کو دیکھتے ہیں، تو ظاہر ہے کہ پریشانی ہوتی ہے کہ کیوں ہمارے ملک میں اس قسم کے واقعات رونما ہوتے ہیں، ہم کیوں اس کو صحیح معنوں میں، صحیح جو اس کے رولز ہیں، اس کو اس طریقے سے کیوں Follow نہیں کرتے؟ کہیں ہماری غلطیاں ڈیوٹی کے حوالے سے ہوتی ہیں کہ اگر ڈیوٹی ایک پائلٹ کو دینی ہے، کوئی آٹھ گھنٹے تو وہ سولہ گھنٹے ڈیوٹی کیوں کی اس نے، سولہ گھنٹے کیوں اس نے جہاز اڑایا اور کس Basis پر اس کو اجازت ملی ہے؟ بعض دفعہ مختلف وجوہات کی وجہ سے حادثات پیش آتے ہیں تو ہمیں چاہیئے یہ کہ ہمیں یہ انتظار ضرور ہونا چاہیے اور ہم یہ توقع رکھیں گے کہ ایسی تحقیقات ہوں کہ اس کا ریزلٹ کوئی سامنے آئے، پتہ چلے اس کا کہ کیوں واقعہ رونما، حادثہ بھی ہو سکتا ہے اور حادثات ہوتے رہتے ہیں، مختلف وجوہات کی بنیاد پر لیکن اس کا تدارک بھی ہونا چاہیے اور پھر اس طرح کے واقعات سامنے نہ ہوں اور پھر ہم جو ہیں صرف تعزیت کے حوالے سے بات کریں اور ہم مسلمان ہیں، ظاہر ہے کہ ہم موت کو برحق سمجھتے ہیں اور اپنے ٹائم پہ آنا ہوتی ہے، یہ ایک الگ بات ہے لیکن اس کے جو اسباب ہیں، اس کے اسباب کو جس کی وجہ سے یہ صورتحال واقع ہوتی ہے تو ان اسباب کو ٹھیک ہم کس طرح کر سکتے ہیں، ان کو کس طریقے سے کر سکتے ہیں جو ہمارے

بس میں ہیں جو ہماری کوشش ہو گی تو اس حوالے سے ہم سمجھتے ہیں کہ بات ہو اور جیسے شاہ فرمان صاحب نے کہا، ایک سوال اٹھایا پی آئی اے کے حوالے سے، تو یہ ایک الگ ایشو ہے، ایک الگ مسئلہ ہے، ہمارے ملک کا الگ ایک مسئلہ ہے جس کو اگر کوئی قرار داد آنی ہے تو وہ الگ سے قرار داد آئے اور اس حوالے سے وہ سوال ضرور اٹھائے، ان کا حق بنتا ہے کہ آج تک کس طرح بھرتیاں ہوئیں، کیوں اتنی زیادہ ہوئیں جو ضرورت نہیں تھی اور اس کے باوجود بھی کن کن حکومتوں کے ٹائم پر ہوئیں؟ یہ الگ سا ایک سوال ہے، اگر آپ اس کو لانا چاہتے ہیں ضرور لائیں لیکن آج ہم ان تمام خاندانوں کے ساتھ شامل ہیں، اس غم اور اس دکھ اور اس درد میں ہم ان کے ساتھ شامل ہیں اور ہماری فیڈرل حکومت سے یہ التجاء، ہماری ایک درخواست ہو گی اور ہم یہ چاہیں گے کہ اس کا ریزلٹ ضرور آئے اور تحقیقاتی کمیشن ہو، اس کی رپورٹ کم از کم پوری قوم کے پاس آنی چاہیئے تاکہ پی آئی اے میں بہت سارے ہمارے سارے پاکستان کے لوگ چاہیں گے کہ پی آئی اے میں سفر کریں، کسی دوسری ایئر لائن میں سفر نہ کریں اور پی آئی اے اتنا آگے جائے کیونکہ یہ پی آئی اے ایک ٹائم ایسا تھا کہ یہاں سے باہر کی دنیا آکے ٹریننگ لیتی تھی اور آج ہمارا پی آئی اے اس جگہ تک پہنچ گیا کہ لوگ اس میں سفر نہیں کرتے بلکہ دوسری ایئر لائن کو ترجیح دیتے ہیں تو ہمیں یہ اعتماد بحال کرنا ہو گا۔ پی آئی اے کو واقعتاً پاکستان ایئر لائن بنانا ہو گا اور اس میں جو ہمارے پاکستانی لوگ سفر کریں تو وہ خوشی محسوس کرینگے کہ ہماری ایئر لائن اتنی اچھی ہو جائے اور ہم دنیا میں اس میں سفر کریں تو پاکستانیوں کو سب سے زیادہ اس کا فائدہ ملے گا اور بتدریج جو ہمارے سامنے وہ آرہی ہے، وہ کوششیں اسی پہ شروع ہے کہ پی آئی اے واقعتاً ایک اچھی ائیر لائن کے طور پر سامنے آئے، یہ فیڈرل گورنمنٹ کی بھی کوشش ہے، تو ہم چاہتے ہیں اور یہ انہی جہازوں کے حوالے سے جو بات کی جارہی ہے کہ یہ بڑے Safe جہاز ہیں اور اس کے باوجود اگر یہ حادثہ رونما ہوا ہے تو آج ہماری معلومات میں یہ بھی آیا ہے کہ باہر سے جس کمپنی نے یہ جہاز بنایا ہے، ایک ٹیم آرہی ہے اور وہ بھی اس پہ تحقیقات کرے گی کہ یہ جہاز کو حادثہ کیوں پیش آیا ہے؟ تو اچھی بات ہے کہ باہر سے وہ آئے اور اس کمپنی کے لوگ آئیں اور اس کی وہ تحقیقات کریں اور اس کی رپورٹ بھی آئے اور ہمارے اپنے جو حالات جن حالات کی وجہ سے، یہ جو جتنی بھی چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں، کوئی کیا وجوہات بیان کر رہا ہے، کوئی کیا وجوہات بیان کر رہا ہے لیکن Technically چونکہ ہم اس حوالے سے اس فیلڈ کے لوگ

نہیں ہیں لیکن یہ ضرور چاہیں گے کہ وہ ٹیکنکل لوگ جو ہیں، ہمیں وہ رپورٹ پیش کریں اور پتہ چلے تاکہ دوبارہ سے ہماری اتنی قیمتی جانیں ضائع نہ ہوں اور اس کا سدباب ہو سکے۔ ظاہری بات ہے کہ جب کوئی بھی حادثہ پیش آتا ہے کسی بھی وجہ سے تو ظاہر ہے اس میں اس طرح کی صورتحال میں جانیں ضائع ہوں گی اور ایک قدرتی عمل ہے اور اس قدرتی عمل میں اس طرح کے واقعات کو روکنا پھر انسانی جو بس میں ہے، جو کوشش ہے اس کی، وہ اس کو ضرور کرنی چاہیے کہ ہم ان واقعات سے بچ سکیں اور نلوٹھا صاحب بیٹھے ہیں، ان کے علاقے میں یہ واقعہ ہوا اور وہاں پہ جو ہمارے وہاں کے اپنے بھائی تھے، لوگ تھے انہوں نے بھرپور کوشش کی کہ کسی طریقے سے کسی جان کو بچا سکیں، تو یہ انسانی طور پر ان لوگوں نے، جو بھی وہاں پہ کوشش ان کی تھی، اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو بھی قبول فرمائے اور اللہ تعالیٰ ان تمام ورثاء کو صبر و جمیل عطا فرمائے، بس انہیں باتوں پر اکتفاء کروں گا اور میں پھر ایک یہ بات ضرور کروں گا کہ یہ جو دوسری قرارداد آئے، ضرور آئے، وہ ایک کونسچن ہے، لوگوں کے ذہن میں بھی بہت پہلے سے یہ سوالات ہیں، تو وہ ضرور آئیں لیکن علیحدہ سے وہ قرارداد آئے، ہم ضرور اس کا ساتھ دیں گے۔ میں اسی بات پہ اجازت چاہوں گا۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Thank you very much, thank you. بابک صاحب! رول کو Relax کیلئے کال کرو؟

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب سردار حسین: شکریه میډم! زما خو دا خیال دے چې رولز خو Already تاسو Relax کړی دی، بیا هم زه به ریکویسټ کوم چې تاسو----

Madam Deputy Speaker: Okay. Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Member or Minister to move their resolution?

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: So, Babak Sahib.

قرارداد

جناب سردار حسین: جی، تھینک یو جی، شکریہ میڈم سپیکر۔ یہ اسمبلی چترال سے اسلام آباد جانے والے پی آئی اے کے طیارے کے حادثے اور قیمتی جانوں کے ضیاع پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہے، یہ اسمبلی اس اندوہناک حادثے میں فوت شدگان کے خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتی ہے اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس واقعہ کی اعلیٰ سطح پہ تحقیقات کی جائیں، نیز یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ حادثے میں فوت شدگان کے لواحقین کیلئے مالی معاونت کا جلد از جلد اعلان کرے۔ تھینک یو، جی۔

Madam Deputy Speaker: Thank you. Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favor of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried).

Madam Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously, by majority. Break only for ten minutes for prayer.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم سپیکر!

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی نہ، Breake for ten minutes میری نماز Miss ہو رہی ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میڈم! ایک دعا کریں ان مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دعا تو ہو گئی ہے، Prayer کا وہ ہے، بریک کے بعد۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد محترمہ ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئیں)

اراکین کی رخصت

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Leave applications: ضیاءاللہ آفریدی، محمود خان، فضل حکیم، سردار ظہور احمد، الحاج صالح محمد خان، میاں ضیاء الرحمان، محمد شیراز خان، شہرام خان، مسماۃ یاسمین پیر محمد، ملک شاہ محمد خان، اکبر ایوب، محب اللہ خان، عظیم غوری صاحب، اعظم خان درانی،

حاجی عبدالخالق، سردار فرید احمد اینڈ رقیہ حناء، چھٹی کی درخواستیں منظور ہیں، شاہ فرمان! چھٹی کی درخواست منظور ہے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): منظور ہے۔

Madam Deputy Speaker: Okay, thank you.

مسئلہ استحقاق

Madam Deputy Speaker: 'Privilege Motion': Mufti Fazal Ghafoor, MPA, to please move his privilege motion No. 109.

مولانا مفتی فضل غفور: میڈم سپیکر! کنسرنڈ منسٹر صاحب تو تشریف لائے ہیں، اگر ان کو بلایا جائے، اس کی موجودگی میں یہ ہو تو بہتر ہو گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان صاحب ہیں، خیر ہے آپ شروع کریں In the mean while he will come.

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر! میں First of all اس کو Read out کرتا ہوں۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن کے کچھ اعلیٰ افسران پچھلے پانچ ماہ پہلے گورنمنٹ کالج جوڑ کی اشتہار شدہ کلاس فور آسامیوں پر بھرتیوں کے حوالے سے مجھے مسلسل غلط بیانی کر رہے ہیں جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہو رہا ہے، لہذا میں ڈائریکٹر ہائر ایجوکیشن اور پرنسپل گورنمنٹ کالج جوڑ بونیر کے خلاف تحریک استحقاق لا رہا ہوں تاکہ آئندہ کیلئے کوئی اور اس معزز ایوان کے رکن کو غلط بیانی کی جرات نہ کر سکے۔

میڈم سپیکر! دا ډیره لویه د افسوس خبره ده، زمونږ کالجونه خو د لیکچرر او د پروفیسر کیډر چې کوم ستاف دے، د هغې نه هسې هم خالی دی، زما د خپلې حلقې د بوائز کالج جوړ کالج ستوډنټانو په تیره هفته کښې روډ بلاک کړو، هغوی وئیل چې مونږ سره ستاف نشته دے، بیا د گرلز کالج زما حلقه کښې-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Excuse me، مشتاق غنی صاحب ته اووایئ چې هر ځائې یئ پلیز تاسو ورشئ، مشتاق غنی صاحب ته اووایئ چې راشه----

مولانا مفتی فضل غفور: زه Wait اوکړم؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Carry on، خیر دے۔

مولانا مفتی فضل غفور: تو ساتھ ساتھ اسی طرح جو گرلز کالج ہے میرے حلقے میں، اس میں جو سٹوڈنٹس ہیں، طالبات ہیں، وہ بھی نکل آئی تھیں روڈ پہ احتجاج کرنے کیلئے، ان کی بھی لیکچررز اور پروفیسرز کی کمی تھی۔ اس کا تو یہ چوتھا سال ہو رہا ہے کہ ہم رونا رو رہے ہیں اس اسمبلی فلور پر، اس کا کچھ نہیں بن پا رہا لیکن میڈم سپیکر! یہ بڑے افسوس کی بات ہے، وہاں پر اگر کوئی بس کھڑی ہو، گاڑی کھڑی ہو اور یہ چوتھا سال ہے، میں اس اسمبلی فلور پر کئی بار یہ مسئلہ اٹھا چکا ہوں کہ اس کیلئے کسی ڈرائیور کا بندوبست تو کیا جائے، بالآخر وہاں پر بہت منت سماجت کرنے کے بعد ان پوسٹوں کا اخبار میں اشتہار کیا گیا، ایڈورٹائز کیا گیا، اس کے بعد بار بار مسلسل میں بھی اس کے ساتھ رابطے میں رہا، کنسرنڈ جو منسٹر صاحب ہیں، منسٹر صاحب نے خود فون پہ ڈائریکٹر صاحب کو کالج کے جو پرنسپل صاحب ہیں، جو کنسرنڈ لوگ ہیں، ان کو اپنی طرف سے یہ ڈائریکٹیوز بھجوائیں کہ آپ کیوں نہیں Hire کرتے ان بندوں کو؟ وہ مسلسل کبھی تو مجھے کہتے ہیں کہ فائل پشاور گئی ہے، جب میں پشاور آفس میں آرہا ہوں تو یہاں پر مجھے جواب ملتا ہے کہ وہ تو واپس چلی گئی کالج میں، ادھر چلتا ہوں پھر مجھے کہتے ہیں کہ وہ تو پشاور چلی گئی، منسٹر صاحب کو اس پوری ہسٹری کا علم ہے اور میرے خیال میں یہ صرف میرا استحقاق نہیں، یہ اس منسٹر صاحب کا بھی استحقاق مجروح ہوا ہے جو چھ مہینوں کے بار بار احکامات دینے کے باوجود دو تین بندوں کی اپوائنٹمنٹ نہ کر سکے، میرے خیال میں اس سے منسٹر صاحب کا بھی استحقاق مجروح ہوا ہے، میرا بھی، اس پورے ایوان کا بھی، یہ کیا اس طریقے سے کوئی سسٹم چل سکتا ہے میڈم؟ منسٹر صاحب کہہ رہا ہے، میں کہہ رہا ہوں اور اس کے باوجود کوئی کو آپریشن نہیں کر رہا، اب کہہ رہے ہیں کہ چھ مہینے ہو گئے تھے، ایڈورٹائزمنٹ ہو چکا تھا، اس کا پراسیس چھ مہینوں میں مکمل نہیں ہو سکا، لہذا وہ Lapse ہو گیا، یہ میرے خیال میں اس ایڈورٹائزمنٹ کے جو پیسے ہیں، حکومتی خزانے سے جس بندے نے دیئے تھے، اس کو واپس جمع کرانا ہو گا اس بندے کو، لہذا میں یہ چاہوں گا کہ یہ میری جو پریولج موشن ہے، یہ پریولج کمیٹی میں چلا جائے اور وہاں پر اس کی جو بھی تحقیق ہو، جو بھی چھان بین ہو، وہ ہو جائے تاکہ کسی بھی حکومتی ملازم کو آئندہ کیلئے ایسی جرات کرنے کا موقع نہ ملے کہ وہ کنسرنڈ منسٹر کے بھی احکامات کو پیروں تلے

روند ڈالے اور کسی ایم پی اے کو، اس کی باتوں کو بھی، لہذا میں ریکویسٹ کروں گا کہ اس کو پریولج کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو، میڈم سپیکر۔ اس کا جواب تو ہم نے دے دیا تھا لیکن جو ایک نکتہ اٹھایا انہوں نے، آنریبل ممبر مفتی صاحب نے کہ ڈیپارٹمنٹ نے کوئی غلط بیانی کی ہے ان کے ساتھ یا کچھ اس طرح کی کوئی بات ہوئی ہے لیکن That is not on record لیکن اس میں جو تاخیر ہوئی ہے۔ وہ کس وجہ سے ہوئی ہے؟ یہ میں اس کی انکوائری کر رہا ہوں، Already میں مفتی صاحب سے مل چکا ہوں اس سلسلے میں اور اسی مہینے کی سترہ تاریخ میں نے رکھ دی ہے، ان شاء اللہ مفتی صاحب نے جو Recommendations دی ہیں، سترہ تاریخ کو وہ بھرتیاں اسی مہینے کی سترہ تاریخ کو ہو جائیں گی، اس کیلئے کوئی نئے ایڈورٹائزمنٹ کی ضرورت نہیں ہے، یہ Through Employment exchange اور Employment exchange کے تھرو یہ ہو سکتا ہے As per law اور اس میں پیسے بھی خرچ نہیں ہوں گے مزید اور جوان کا حق ہے، ان شاء اللہ وہ بالکل ان کو ملے گا، اس میں کوئی دورائے نہیں ہے اور ایک ہفتہ انتظار کر لیں، بجائے اس کے کہ تحریک استحقاق، کمیٹی میں جائے تو میں آپ کو یہ ایشورنس دلاتا ہوں کہ اسی مہینے کی سترہ تاریخ کو آپ کے لوگوں کی اپوائنٹمنٹ ہو جائے گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مولانا صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: میڈم سپیکر! میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دل سے ان کا نہایت احترام کرتا ہوں، یہ نہایت شریف اور اچھا بندہ ہے، میں اب ان بندوں کی اپوائنٹمنٹ کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں ان لوگوں کا اپنے منسٹر اور اس ایوان کے کسی معزز رکن کے ساتھ Disinformation، Misbehavior اور ان کی طرف سے جو غلط معلومات ہمیں فراہم کی جا رہی ہیں، میں اس حوالے سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ اس کو اگر کمیٹی کی طرف ہم بھیجیں گے تو لوگوں کی اپوائنٹمنٹ کرنی ہے یا نہیں کرنی، وہ تو Next میں پھر ہم دیکھیں گے لیکن کم از کم ایک آنریبل ایم پی اے کے ساتھ یہ رویہ کہ وہ درجنوں بار کسی ایک کلرک کے دفتر کا چکر لگائے گا، میرے خیال میں یہ زیب نہیں دیتا، میں ریکویسٹ کروں گا منسٹر

صاحب سے کہ وہ بھی میرے ساتھ Agree کریں گے، اگر کسی نے غلطی کی ہو تو اس کو سزا ملے گی، نہیں کی ہو تو ہم اس پر کمیٹی میں بیٹھ کر اس کو کہیں گے کہ ٹھیک ہے بس۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: مفتی صاحب انتہائی زیرک آدمی ہیں، معاملہ فہم ہیں، بہت زیادہ Aggressive بھی نہیں ہیں اور میرے خیال میں جب میں ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اور ان کو یہ ایشورنس دلا رہا ہوں کہ ایک ہفتے بعد سترہ تاریخ کو یہ مسئلہ ہم کرلیں گے اور میرے خیال میں اتنی کلیئر ایشورنس کے بعد آپ کو فراخدلی کا ثبوت دینا چاہیے اور اس کو واپس لے لینا چاہیے، This is my request ہوگی ان کو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مفتی صاحب! هغوی اووئيل چې ايشورنس هم د رکوی And one week time د ے کنه، After one week, you can come back again to the Assembly.

مولانا مفتی فضل غفور: میڈم! میں نے تو اس حوالے سے کوئی پریولیج نہیں لایا ہے کہ کسی بندوں کو بھرتی نہیں کیا جارہا، میرا جو کوسچین ہے، وہ یہی ہے کہ وہ کیوں ہمیں غلط معلومات فراہم کر رہے ہیں؟۔ کسی معزز رکن کو غلط معلومات فراہم کرنا، اس پر کیا سزا ہے ہمارے اس اسمبلی اس رولز آف بزنس میں؟ لہذا میری گزارش ہوگی، میں منسٹر صاحب سے کہ وہ Agree کرلیں، اگر غلطی کی ہو تو سزا ملے گی، نہیں کی ہو غلطی تو پھر چلو ٹھیک ہے ہم Withdraw کریں گے پھر ادھر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میرے خیال میں آپ کو بہت فراخدل ہونا چاہیئے، جب ایک چیز حل کی طرف چلی جائے تو سرکاری ملازمین کو ہم کیا پریولیج میں لاکے اور بے عزت کریں گے، اور کوئی چیز کریں گے؟ یقیناً کسی جگہ غلطی ضرور ہوگی، تبھی اس میں تاخیر ہوئی ہے اور میں آپ سے معذرت کرتا ہوں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جو ٹائم دیا ہے، اس میں یہ کام ہم کردیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، مفتی غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: ٹھیک ہے جی، بس میں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، تھینک یو، مفتی غفور صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: میرا قابل احترام ہے، بس جس طرح ان کی مرضی ہو، بس ٹھیک ہے، مجھے منظور ہے جی۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Mufti Ghafoor Sahib. Okay, Call Attention Notices: Now, Syed Jafar Shah, MPA will continue to move his call attention notice No. 941, in the House. Jafar Shah Sahib, please.

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب جعفر شاہ: تھینک میڈم سپیکر! یہ میرا اور جناب محمد علی صاحب کا 'کمبائنڈ' کال اٹینشن نوٹس ہے، ہم وزیر برائے جنگلات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتے ہیں، وزیر سے یہاں پہ مطلب حکومت، وہ یہ کہ ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کے مالکانہ حقوق اور دیگر ایشوز پر عرصہ دراز سے محکمہ جنگلات اور مالکان جنگلات کے درمیان معاملے نے بہت طول پکڑا ہے اور تاحال اس مسئلے کا قابل قبول حل تلاش نہیں کیا جا سکا، جس سے مالکان جنگلات میں بڑی تشویش پائی جاتی ہے، لہذا اس مسئلے کا حل ڈھونڈا جائے۔

میډم سپیکر! داسې ده چې پرون تاسو سره هم هغه جرګه ملاؤ شوې وه، دا د یو کال نه دا مسئله روانه ده، زه به دوه منټه ستاسو په اجازت باندې واخلمه، دلته الٹی گنگا بہتی ہے، ریسورسز د دې صوبې زیات ریسورسز زمونږ په کوهستان کښې پیدا کیږی، په هغې کښې جنګلات دی، او به دی، نور ریسورسز دی، وائلډ لائف دے او د صوبې خزانې ته زمونږ د صوبې د خزانې غټه حصه، هغه زمونږ د جنګلاتی علاقو نه راځی، کوم ځائې کښې چې قدرتی وسائل موجود دی۔ میډم سپیکر! افسوس په دې باندې دے چې د هغه ریسورسز په انتظام او انصرام کښې چې کوم خلق اوسیږی، هلته چې د هغوی د زندګئ داروملار هم په دغه ځنګلاتو، په اوبو او په دې قدرتی وسائلو باندې دے، کله چې هم د هغې پالیسیانې جوړیږی، کله چې هم دغه Resource utilization کیږی نو د دنیا مروجه قوانین دا دی چې کله هم داسې انتظامی اصلاحات کیږی نو په هغې کښې هغه متعلقه خلق په Confidence کښې اخستې کیږی او د هغوی سره د شراکت جمهور په اصولو باندې سټیک هولډرز توګه په اعتماد کښې واخستې شی او د هغې د پاره پالیسیانې جوړې شی۔ په 2002

کښې دغه شان يو پاليسي جوړه شوه د ځنګلات په حواله باندې او هغه پاليسي په هغه وخت کښې جوړه شوه چې په هغه وخت کښې جمهوري حکومت نه وو، يو ډکټيټر حکومت وو او هغوی دا ګواره نکړه چې هغه د هغه سټيک هولډرز نه تپوس اوکړي۔ په هغه پاليسئ کښې بلها ، There are lot of lacunas، هغې کښې بلها شے د خلقو خدشات دی او هغې الټا د دې چې هغه د ځنګلاتو د ترقئ او هلته د اوسيدونکو خلقو د مفادو خيال اوساتی، هغه پاليسئ په وجه باندې الټا منفی اثرات په خلقو باندې پريوتی دی چې د هغوی سوشل لائف هغې سره ډير متاثره شوے دے۔ ميډم سپيکر! وسائل زه پيدا کومه، ډير Contribution زه کومه، زه په دې فخر کوم Being کوهستانې خو زما څه حال شو؟ زما سکول نشته، زما اوبه نشته ، زما پل نه جوړيږی، په دوه کاله کښې د محمدعلی، زما سړک نه جوړيږی، زه منتونه کومه، د وزيراعظم پورې راسره خلق غلط بيانی کوی، د هغوی د مشيرانو پورې راسره خلق غلط بيانی کوی، حکومتونه غلط بيانی کوی، په دې اسمبلئ باندې زه قراردادونه منظورومه، د هغې قرارداد منظوريږی نه، په هغې باندې عمل نه کيږی، په لوډ شيډنګ بجلئ نومې شهلته نشته، زه دومره ريسورسز ورکوم، زه دومره خزانې ته Contribution کوم، I am proud، زه په دې فخر کوم خو بحيثيت انسان چې لکهونو انسانان هلته اوسيږی، ما ته Return کښې د هغې چرته يو پرسنټ ملاويږی؟ زه به د صوبائی حکومت نه هم ګيله اوکړم چې نن زما چې کله جنګلاتی رقبه چې هغه پچيس نه واخله ستائيس پرسنټ پورې، اټهائيس پرسنټ پورې شاه فرمان خان خو که زه بجټ ته اوګورمه نو ما ته يو لاکه ، يو لاکه روپئ په بجټ کښې راکوی، حالانکه هغه پيسې خو ټولې خزانې ته زه راليږم، ميډم سپيکر! دې په خلقو کښې ډير زيات تشويش پيدا کړے دے او نن زه تاسو ته وايمه چې د پاسه ګيلری د کوهستان د نمائنده د لکهونو خلقو د نمائندګانو نه ډکه ناسته ده، پرون هم راغلی وو، تاسو سره هم ملاؤ شوی دی، سپيکرصاحب سره هم ملاؤ شوی دی، تمام پوليټيکل پارټيز ليډرشپ سره ملاؤ شوی دی، پارليمانی ليډرز سره ملاؤ شوی دی او هغوی دا ريکويسټ کوی چې We are humanbeing، مونږ انسانان يو، مونږ پاکستانيان يو، مونږ د دې پختونخوا اوسيدونکی يو، خدائے د پاره زمونږ په

دې حالاتو باندې رحم اوکړئ۔ ایشو دا دے جی چې 2002 پالیسی، په دې به محمد علی هم خبره اوکړی، بابک صاحب به هم اوکړی، د 2002 چې کومه فارسټ۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب جعفر شاہ: بنه میډم سپیکرا دوه منټه اخلم، بانګ ئے هم اووئیلو، د مونږ وخت دے نو هغې کښې دا ده چې غټ ایشوز دا دی چې زمونږ مالکانه حقوق چې کوم خلق هلته اوسی، چې دا نیچرل ریسورسز چې دا د نیکونو د زمانې د وړو نیکه د زمانې نه موروثی طور د هغې ملکیت دا زمونږ د هغه خلقو ملکیت دے چې هغې باندې زمونږ سره کښینی، حکومت هم مونږ سره خبره اوکړی، رائلټی ایشوز دی خو مین ایشو چې دے هغه د مالکانه حقوق دی او هغې د پاره جناب وزیراعلیٰ انتظامی کمیټی جوړه کړې وه خو د یو کال راهسې اشتیاق ارمړ نشته، اووه میاشتې اوشوې چې هغه کمیټی یو میټنګ کړے دے Introductory، تعارفی اجلاس شوے دے او تر اوسه پورې د هغې خاطر خوا نتیجه نه ده راوتې، زمونږ به دا ریکویسټ وی او دې ټول هاؤس ته به زه ریکویسټ کومه چې د دې د پاره هغه کمیټی د خپل کار کوی، وی دې خو چې پارلیمانی کمیټی د هغه کسانو ځوک چې د هغه علاقو سره تعلق ساتی، دیر کوهستان، سوات کوهستان، چترال شانګله، بونیر، ملاکنډ ډویژن As a whole چې د هغه کسانو سپیکر صاحب مونږ سره په دې باندې In principle، اصولی طور Agree شوے هم دے، ستاسو په نوټس کښې مونږ پرون دا خبره راوستې ده چې په دې ایشوز مونږ تفصیلی بحث اوکړو او هغه پارلیمانی کمیټی خپل Recommendations ورکړی او هغه فیصله اوشی، زما به دا ریکویسټ وی۔

Madam Deputy Speaker: Fazle Elahi then Muhammad Ali and then Dr. Haidar Ali. Fazal Elahi, then Muhammad Ali and then Dr. Haidar Ali.

ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد رشوت ستانی وصوبائی معائنہ ٹیم): میډم سپیکرا زه په دیکښې موؤر یمه نو ماله ټائم راکړه، بیا د دې نه پس دوئ د خبرې اوکړی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: موؤر مخکښې اووائی؟

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): تھیک دہ، دوئ د خبرہ اوکڑی جی، بیا بہ زہ Response ورکړم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، محمد علی!

جناب محمد علی: تھینک یو، میڈم سپیکر۔ ہم وزیر برائے جنگلات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں، وہ یہ کہ ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات میں مالکانہ حقوق اور دیگر ایشوز پر عرصہ دراز سے محکمہ جنگلات اور مالکان جنگلات کے درمیان معاملے نے بہت طول پکڑا ہے اور تاحال اس مسئلے کا قابل قبول حل تلاش نہیں کیا جاسکا، اس سے مالکان جنگلات میں بڑی تشویش پائی جاتی ہے۔

